© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆صوفی واحد بخش مرحوم: کلروالی ضلع مظفر گڑھ کے قدیم احرار کارکن ۱۹۳۵ء میں حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کی تقریر سن کر متاثر ہوئے اور مجلس احرارِ اسلام میں شامل ہوگئے ۔احرار کی بے پناہ مخالفت کے باوجود ایک باوفا اور الوالعزم کارکن کی حیثیت سے آخری سانس تک جماعت میں شامل رہے ۔انہیں امیر شریعتؒ کی رفاقت کا بھی اعزاز حاصل رہا اور ابناء امیر شریعت کی بھی ۔ یہ مخلصانہ تعلق تقریباً ستر سال پر محیط ہے ۔۳۱/ مارچ ۲۰۰۵ء کو انتقال کر گئے ۔ان کی نمازِ جنازہ وصیت کے مطابق ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے پڑھائی ۔

☆مولانا حاجی نور احمد مرحوم: قدیم احرار کارکن بستی جھوک ضلع مظفر گڑھ ۔مرحوم' مولانا عبدالرشید بلال صدر مدرس دینی درسگاہ خان گڑھ کے والد اور قاری عبدالرزاق مدرس مدرسہ معمورہ معاویہ نگر مہر پور کے پھوپھا تھے ۔

☆مجلس احرارِ اسلام ملتان کے بزرگ کارکن جناب حسین اختر لدھیانوی کی چچی مرحومہ (اوکاڑہ) اور ان کے عزیز محمد سلیم مرحوم (اوکاڑہ)

☆صوفی حشمت علی مرحوم: مجلس احرارِ اسلام بورے والا کے کارکن حافظ محمد شفیق کے والد ماجد ۔

☆حاجی محمد افضل رحمہ اللہ: تبلیغی جماعت کی مرکزی شوریٰ کے رکن اور مبلغ اسلام' حاجی محمد افضل رحمہ اللہ' مولانا محمد اکرم رحمہ اللہ (سلطان فونڈری لاہور) کے بھائی اور جناب محمد عباس (ہلال انجینئرنگ لاہور) کے چچا تھے ۔حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے ساتھ ان کے پورے خاندان کا تعلق نیاز مندانہ تھا ۔وہ حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمہ اللہ سے بیعت تھے اور تمام عمر تبلیغ دین کے لیے وقف کردی تھی ۔

☆منظور احمد خان گھلو مرحوم: جنوبی اوباڑہ تحصیل جلال پور پیر والہ میں ۷/ مارچ ۲۰۰۵ء کو انتقال کر گئے ۔وہ خانوادہ امیر شریعتؒ کے قدیم نیاز مند تھے

☆محمد صغیر مرحوم: ڈیرہ اسماعیل خان سے مجلس احرارِ اسلام پاکستان کی مجلس شوریٰ کے سابق رکن ۱۴/ مارچ ۲۰۰۵ء بعمر ۶۰ سال انتقال کر گئے ۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت، ان کے حسنات قبول فرما کر جنت الفردوس عطاء فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین) ۔قارئین سے درخواست ہے کہ دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں ۔

## دعاء صحت

ہمارے معاون و مہربان جناب شوکت علی (فرحان گارمنٹس سنٹر ۔نور شاپنگ سنٹر ملتان) علیل ہیں ۔
قارئین سے دعاء صحت کی درخواست ہے

© rasailojaraid.com